سبق-6

# دوستی



دو دوست ایک جنگل سے گزر
رہے تھے اچانک ایک ریچھ دکھائی
دیا۔ان میں سے ایک جھٹ پیڑ پر
چڑھ گیا۔
وہ ٹہنیوں اور پتّوں میں چھپ
کر بیٹھ گیا۔دوسرا نیچے اکیلا رہ
گیا۔اس کو جب کچھ نہ سوجھا تو
چُپ چاپ زمین پر لیٹ گیا جیسے



وہ مرا ہوا ہو۔ ریچھ اُس کے پاس آیا اُسے سونگھا۔اور مرا ہوا سمجھ کر چھوڑ دیا جب ریچھ چلا گیا تو دوسرا دوست پیڑ سے اُترا۔ اس نے اپنے ساتھی سے پوچھا۔کہ ریچھ تمہارے کان میں کیا کہہ رہا تھا؟

"ریچھ نے کہا ایسے آدمی سے دوستی مت کرو جو مصیبت میں تمہارے کام نہ آئے اور ساتھ چھوڑ دے"



## مشق اور سوالات

1۔ پڑھیئے اور سمجھیئے:۔

اچانک = ایک دم، مصیبت = دُکھ پریشانی

2۔ نئے الفاظ:۔

جنگل، ریچھ، سوجھا، پیڑ، چھوڑ دے، سونگھا، ٹہنی، اچانک، مصیبت

(3) سوچیئے اور بتایئے:۔

(1) ایک دوست پیڑ پر کیوں چڑھ گیا؟



جواب:۔ ریچھ کے ڈر سے

(2) دوسرا دوست چُپ چُپ زمین پر کیوں لیٹ گیا؟

(3) ریچھ نے دوسرے دوست کے کان میں کیا کہا؟

(4) نیچے دیئے ہوئے لفظوں سے خالی جگہیں بھریئے:۔

سے، میں، پر

وہ پتوں اور ٹہنیوں ...... چھپ کر بیٹھ گیا۔

دو دوست ایک جنگل ...... گزر رہے تھے۔

وہ زمین ...... لیٹ گیا۔

(5) ملا کر لکھئے:۔

| | | |
|---|---|---|
| د و س ت | ری چ ھ | اچ ان ک |
| س ات ھ ی | م ص ی ب ت | ج ن گ ل |
| گ ز ر | ٹ ہ ن ی | ن ی چ ے |
| زم ی ن | پ ے ڑ | ک ہ |

(6) استاد بلند آواز سے سبق پڑھوائیں اور چند جملوں کا اِملا لکھوائیں۔

(7) سوچیئے اور صحیح جواب دیجیئے۔ صحیح یا غلط کا نشان لگایئے (✓ / ×)

(1) ریچھ پیڑ پر چڑھ گیا ☐

(2) دوسرا دوست نیچے اکیلا رہ گیا ☐

(3) لڑکے نے ریچھ کو سونگھا ☐ ✓

(4) دو دوست جنگل سے گزر رہے تھے۔ ☐ ✓

(8) نیچے لکھے الفاظ کی ضد لکھیے (ضد الفاظ)

| | |
|---|---|
| رات | دن |
| زمین | آسمان |
| دوست | دشمن |
| دکھ | سکھ |
| نیچے | اوپر |

9۔ تصویر میں جنگلی جانور پہچان کر ان کے نام لکھیے:۔

